حق وانصاف کا تقاضہ ہے دنیا عراق کا ساتھ دے، امام کعبہ

ہمیں حقیقی آزادی صرف اسی وقت حاصل ہو سکتی ہے کہ ہم صرف اللہ سے ڈریں

امام کعبہ اور سعودی عرب کی شوریٰ کے سپیکر شیخ صالح بن عبداللہ حمید نے کہا ہے کہ عراق کے خلاف غیر منصفانہ جنگ بند ہونی چاہئے۔ اگر یہ جنگ جاری رہی تو نفرتوں اور تنازعات میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حق اور انصاف کا تقاضہ ہے کہ عراق کا ساتھ دیں۔ نماز جمعہ کا خطب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عراق کے خلاف جنگ ایک انتہائی غلطی ہے۔ یہ خسارے کی جنگ ہے۔ جس میں کوئی نہیں جیتے گا۔ پانچ لاکھ نمازیوں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں حقیقی آزادی اس وقت ہی حاصل ہو سکتی ہے جب تک ہم اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈریں۔ مسلمان اللہ پر مضبوط ایمان کے ذریعے ہی قوت اور کامیابی کی منزل پا سکتے ہیں۔ دشمن جھوٹی خبریں اور افواہیں پھیلا رہے ہیں تا کہ مسلمانوں میں شکوک وشبہات پیدا ہوں۔ انہیں خوفزدہ کر کے انہیں سیاسی اور اخلاقی طور پر تباہ کیا جائے۔ موجودہ بحران سے سبق حاصل کرتے ہوئے متحد ہونا چاہئے۔

فاضل جلیل قاضی عبدالرزاق صاحب انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

جماعتی وعلمی حلقوں میں یہ خبر نہایت افسوس کے ساتھ سنی گئی کہ جماعت اہلحدیث کی معروف دینی درسگاہ جامعہ محمدیہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ کے استاد حضرت مولانا قاضی عبدالرزاق صاحب طویل علالت کے بعد گذشتہ دنوں گوجرانوالہ میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم انتہائی فاضل اور محنتی استاد تھے تنظیمی معاملات میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور پیرانہ سالی کے باوجود جماعتی ومسلکی حمیت سے بھرپور جواں جذبہ رکھتے تھے کسی بھی مجلس میں جماعتی کاز یا مسلکی وقار کے خلاف کوئی بات ہوتی تو فوراً اس سے اختلاف کرتے ہوئے صحیح صورتحال کو واضح کرتے۔ راقم کو ان کی وفات کی اطلاع جنازہ سے تیسرے دن ملی جس کی وجہ سے اپنے محترم استاد کی نماز جنازہ میں شرکت سے محروم رہا۔ ان کی نماز جنازہ پہلے جامعہ محمدیہ گوجرانوالہ میں ادا کی گئی بعد ازاں انہیں ان کے آبائی گاؤں کوٹ قاضی ضلع گوجرانوالہ لے جایا گیا جہاں دوبارہ نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا۔

ادارہ ترجمان الحدیث مرحوم کے لواحقین اساتذہ کرام انتظامیہ، وطلبہ جامعہ محمدیہ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی بشری لغزشوں سے درگزر کرتے ہوئے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے آمین۔

اللھم اغفر لہ وارحمہ وعافہ واعف عنہ

شریک غم: فاروق الرحمن یزدانی، مدرس جامعہ سلفیہ فیصل آباد

عملیات کرنا درست نہیں۔ آپ نے سیر وسیاحت کرنی ہے تو روزانہ کریں اسکے صحت پر اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں نہ کریں تو بھی کوئی بات نہیں ہاں اسے کسی خاص دن ثواب کی نیت سے شریعت سمجھ کر کرنا درست نہیں ہے۔

ماہ صفر میں دیگر رائج شدہ کام

کچھ بھائی ماہ صفر میں خاص ترتیب اور خاص مقدار میں تسبیحات پڑھتے ہوئے بعض ایسی نفلی نمازیں پڑھتے اور اس کا حکم دیتے ہیں جن کا شرعاً کوئی ثبوت نہیں۔

ایسی نمازوں کا ذکر حدیث کی کسی کتاب میں بھی نہیں۔ کتب احادیث میں سے کوئی بھی کتاب اٹھالیں اور کتاب الصلوٰۃ کھول کے تلاش کریں یہ نمازیں آپ کو کہیں بھی نظر نہیں آئیں گی۔ اللہ ہمیں خالص قرآن وسنت پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ اگر کوئی بھائی واقعتاً اللہ کا قرب چاہتا ہے اجر وثواب کا خواہش مند ہے تو وہ ایسی نمازوں کی بجائے نماز تہجد پڑھ لے نماز اشراق اور دیگر نفلی نمازیں جن کا بیان احادیث مبارکہ میں آیا ہے ان کو ادا کرلے اللہ رحیم وکریم نامہ اعمال کو ثواب سے بھر دیں گے اور یاد رکھیے!

قرآن وحدیث کو چھوڑ کے اپنی طرف سے بنائی ہوئی نمازوں کے ادا کرنے میں نہ اطاعت مصطفیٰ ﷺ ہے اور نہ اجر وثواب۔ اسی طرح کسی مہینہ کو منحوس قرار دے کر اس میں شادی بیاہ اور خوشی کے کاموں کو خود پر حرام کر لینا دین میں سختی پیدا کرنے کے مترادف ہے جبکہ دین انسان پر آسانی چاہتا ہے۔

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے
مجلّہ "ترجمان الحدیث"
میں اشتہارات دیجئے۔